بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

# Laziness

# سستی کا مرض

---

نبی کریم ﷺ کی ایک دعا ہے:

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ

اے اللہ! میں عاجزی وکاہلی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔(بخاری)

سُستی وکاہلی ایک ایسا مرض ہے جو انسان کے عزم وحوصلہ کو ختم کر دیتا ہے۔یہ مرض انسان کی ہمت و قوت کو توڑ دیتا ہے۔

جو چیز انسانوں کو ربّ العالمین کی اِطاعت سے روکتی ہے وہ سستی اور کاہلی ہے۔

سُستی ناکامی کا تیز ترین راستہ ہے۔جو شخص لمبا عرصہ سُستی وکاہلی کا شکار رہے اُسکے عزائم اور اُمیدیں دم توڑ جاتی ہیں۔اسی وجہ سے جنابِ نبی کریم ﷺ نے ہمیں سُستی سے اللہ کی پناہ میں آنے کا طریقہ سکھایا ہے،چُنانچہ آپ علیہ السلام کے صبح وشام کے اذکار میں یہ دُعا ملتی ہے:

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ۔

اے اللہ! میں عاجزی وکاہلی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔(بخاری)

ایک بندہ مومن کے لیے ضروری ہے کہ وہ صبح وشام اللہ تعالیٰ سے سُستی سے بچنے کی دعا کرتا رہے۔

کسی بندہ مومن کے شایانِ شان نہیں کہ وہ سُستی کا بہانہ تراش کر کام کاج چھوڑ بیٹھے۔

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما اس بات کو سخت ناپسند فرمایا کرتے تھے کہ کوئی شخص یہ کہے کہ:إني كسلان،میں تو سُست آدمی ہوں۔(ادب الدنيا والدين)

اسلام ایسا دین ہے جو محنت کو پسند کرتا ہے۔سُستی وکاہلی کو سخت ناپسند کرتا ہے،اللہ تعالیٰ نے تو اپنے انبیاء کرام علیہم السلام کو بھی عمل کا حکم دیا ہے۔اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا۔ (المومنون۔51)

اے پیغمبرو!پاکیزہ چیزوں میں سے(جو چاہو) کھاؤ اور نیک اعمال کرو۔

نبی کریم ﷺ نے بِلا اختیارِ اَسباب کے توکّل اور سستی سے منع فرمایا ہے،آپ علیہ السلام کا ارشاد ہے:

اعْمَلُوا وَلَا تَتَّكِلُوا۔ (ابن ماجہ)

نیک اعمال کرتے رہو اور سستی نہ دکھاؤ۔یعنی محض تقدیر پر بھروسہ کیے ہاتھ پر ہاتھ دَھرے بیٹھے نہ رہو۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کچھ لوگوں کو مسجد میں بے وقت بیٹھے دیکھا تو اُن سے پوچھا کہ آپ لوگ کون ہیں؟تو انہوں نے کہا:ہم توکّل کرنے والے ہیں.تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے سختی سے اُنہیں ڈانٹا اور فرمایا:

لَا يَقْعُدُ أَحَدُكُمْ عَنْ طَلَبِ الرِّزْقِ وَيَقُولُ: اللَّهُمَّ ارْزُقْنِي، وَقَدْ عَلِمَ أَنَّ السَّمَاءَ لَا تُمْطِرُ ذَهَبًا وَلَا فِضَةً۔

کوئی شخص رزق کی تلاش چھوڑ کر یہ نہ کہے کہ اے اللہ!مجھے رزق دے،حالانکہ وہ جانتا ہے کہ آسمان سے نہ سونا برستا ہے نہ چاندی۔

لہٰذا ہم سب کو سُستی سے بچنا چاہئے، اور سستی کے اَسباب سے دُور رہنا چاہیے۔ اسی طرح سُست و کاہل لوگوں کی صُحبت اختیار کرنے سے بھی بچنا چاہئے کیونکہ جو فضول لوگوں کی صحبت میں رہتا ہے وہ خود بھی فضولیات اور غفلت کا شکار ہو جاتا ہے۔

کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے:

لَاتَصْحَبِ الْكَسْلَانَ فِي حَالَاتِهِ

كَمْ صَالِحٍ بِفَسَادِ آخَرَ يَفْسُدُ

کاہل شخص کی صحبت اختیار نہ کرو، نہ جانے کتنے ہی رِجالِ کار کسی دوسرے کے فساد کا شکار ہو کر خود برباد ہو گئے۔ (ادب الدنیا والدین)

اچھے متحرک لوگوں کے ساتھ رَہیے، کیونکہ وہ نیکی اور فلاح کا راستہ جانتے ہیں۔ ایسے لوگ آپ کو کامیابی و فلاح کے راستے پر ڈال سکتے ہیں۔

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

الرَّجُلُ عَلَى دِينِ خَلِيلِهِ، فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ۔

آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے، لہٰذا تم میں سے ہر شخص کو یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ کس سے دوستی کر رہا ہے۔ (ابو داوٗد)

ہمارا دین ہر چیز میں چستی کے اظہار کو پسند کرتا ہے، جبکہ کسی بھی چیز میں سُستی و کاہلی کو ناپسند فرماتا ہے، چنانچہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو عبادت گُزاری کا ایسے اظہار کرتے ہوئے دیکھا گویا کہ وہ بے جان ہو اور کاہلی کے سبب جھول رہا ہو، تو عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اسے ڈانٹا اور فرمایا:

لَا تُمِتْ عَلَيْنَا دِينَنَا

ہمارے دین کو مردہ بنا کر پیش نہ کرو۔ (الکامل فی اللغة المفرد)

سُستی کی خطرناک صورت یہ ہے کہ انسان رب تعالی کی نِدا یعنی اذان سنے مگر سستی کا شکار ہو کر نماز نہ پڑھے۔

جس نے نماز کو ادا کیا اُسکے بارے میں حدیث شریف میں آتا ہے کہ:

أَصْبَحَ نَشِيطًا طَيِّبَ النَّفْسِ، وَإِلَّا أَصْبَحَ خَبِيثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ۔

(یعنی جو بندہ نماز فجر ادا کرتا ہے) وہ اس حال میں صبح کرتا ہے کہ خوش مزاج خوش دل رہتا ہے، ورنہ بد مزاج سُست رِہ کر دن گزارتا ہے۔ (متفق علیہ)

سُستی کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ انسان نیکیوں میں ٹال مٹول کرتا رہے اور نیک اعمال کو موخر کرتا رہے۔

انسان اُس وقت بھی سُست و کاہل لوگوں میں گردانا جاتا ہے جب وہ اپنے دینی اور دنیاوی فرائض میں غفلت سے کام لے۔

نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے:

احْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ، وَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ وَلَا تَعْجَزْ۔

جو چیز تمہیں فائدہ دے اس کو حاصل کرنے کی حرص رکھو اور اللہ سے مدد مانگو اور مایوس ہو کر بیٹھ نہ جاؤ۔ (مسلم)

## آیئے!

اپنے وقت کی قدر دانی کریں، کیونکہ ہماری عمر محدود ہے، ہمارا وقت محدود ہے۔ ہماری مہلت عمل محدود ہے۔ نیکی کے مواقع بادلوں کی طرح گزر جاتے ہیں، ان سے وہی فائدہ اٹھا سکتا ہے جو اپنے اوپر سے سُستی و کاہلی کی گرد جھاڑ دے، اور اپنے آج کو اپنے مستقبل کی ترقی کا زینہ اور اپنی اخروی فلاح کا ذریعہ بنائے، اس یقین کے ساتھ کہ جو اخلاص کے ساتھ محنت کرتا ہے اللہ تعالی اسے اجر سے نوازتے ہیں۔ حدیث مبارکہ کے اندر آتا ہے کہ الکاسب حبیب اللہ ۔ محنت کرنے والا اللہ تعالیٰ کا دوست ہے۔

# Laziness

The Holy Prophet ﷺ would frequently turn to Allah with this heartfelt supplication:

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ

**"O Allah, I seek refuge in You from incapacity and laziness."**
(Bukhari)

The Holy Prophet ﷺ would frequently turn to Allah with this heartfelt supplication:

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ

"O Allah, I seek refuge in You from incapacity and laziness." (Bukhari)

Islam is a religion that values effort, discipline, and productivity, and it strongly condemns laziness and indolence. Allah Almighty even commanded His prophets (peace be upon them) to **act**, saying:

يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحًا

*O Messengers! Eat from the pure things and* ***do*** *righteous deeds. (Al-Mu'minun: 51)*

Likewise, the Holy Prophet ﷺ forbade *Tawakul* (reliance) without effort and warned against complacency. He ﷺ said:

اعْمَلُوا وَلَا تَتَّكِلُوا

"***Act****, and do not be complacent."*
(Ibn Majah)

Laziness and indolence are destructive diseases. They silently erode a person's determination, weaken courage, and shatter resolve. When laziness takes hold of the heart, strength fades and motivation withers.

Indeed, one of the greatest obstacles that prevents people from obeying the Lord of the worlds is laziness. It is a barrier between a servant and sincere worship.

Laziness is the quickest road to failure. When a person remains trapped in it for a long time, ambitions lose their spark and hopes slowly die. Recognizing this danger, the Holy Prophet ﷺ taught his Ummah to seek Allah's protection from laziness. For this reason, this supplication appears among his regular morning and evening remembrances:

**"O Allah, I seek refuge in You from helplessness and laziness."**
(Bukhari)

It is therefore essential for a believer to continually ask Allah, morning and evening, to protect him from laziness, and to remain steadfast upon the prophetic supplication:

**“My Lord, I seek refuge in You from laziness.”**
(Muslim)

It does not befit a believer to hide behind excuses of laziness and abandon effort and responsibility.

ʿAbdullah ibn ʿAbbas (may Allah be pleased with them both) strongly disliked it when someone would say, *“I am lazy,”* considering such words beneath the dignity of a believer. (Adab ad-Dunya wa’d-Din)

Once, ʿUmar al-Faruq (may Allah be pleased with him) saw some people sitting in the masjid and doing nothing. When he asked who they were, they replied, *“We are those who rely upon Allah.”* ʿUmar rebuked them firmly and said:

**“None of you should abandon seeking provision and then say, ‘O Allah, provide for me,’ while knowing that the sky does not rain gold or silver.”**

Thus, we must guard ourselves against laziness and distance ourselves from its causes. We must also avoid the company of lazy and idle people, for a person is deeply influenced by those he keeps close. Whoever sits with lazy people often becomes afflicted with heedlessness and wastefulness himself.

A poet expressed this wisdom beautifully:

**“Do not keep the company of the lazy in any circumstance,**
**For how many righteous people were ruined by the corruption of another.”**
(Adab ad-Dunya wa’d-Din)

Instead, remain in the company of energetic, purposeful, and righteous people. Such individuals know the path of goodness and success and can guide others toward prosperity and achievement.

The Holy Prophet ﷺ said:

**“A person follows the religion of his close friend, so let each of you carefully consider whom he befriends.”**
(Abu Dawud)

Our religion encourages **Active Lifestyle**, and it disapproves of laziness in every form. Once, ʿUmar al-Faruq (may Allah be pleased with him) saw a man performing worship in a lifeless and swaying manner, weakened by laziness. He rebuked him and said:

**“Do not present our religion as something dead.”**
(Al-Kamil fi’l-Lughah al-Mufrad)

One of the most dangerous forms of laziness is to hear the call of Allah, **the adhan,** yet remain seated and neglect the prayer. Concerning the one who establishes prayer, the Prophet ﷺ said:

**“He begins the morning energetic and in good spirits; otherwise, he begins the morning ill-tempered and lazy.”**
(Agreed upon)

Laziness also appears when a person constantly delays good deeds or regards voluntary acts of worship as a burden rather than a blessing.

A person is likewise considered lazy when he is negligent in fulfilling his religious obligations or careless with his worldly responsibilities.

To guard against this state, the Holy Prophet ﷺ advised:

**“Be eager for that which benefits you, seek help from Allah, and do not give up.”** (Muslim)

So let us recognize the **value of our time**. Our lives are limited, our moments are fleeting, and our opportunities to act are finite. Chances for good deeds pass by like drifting clouds, only those who shake off the dust of laziness can benefit from them.

Let us make our present a foundation for our future, our effort a means of elevation, and our struggle a path to success, holding firmly to the conviction that whoever strives sincerely, by the help of Allah, will surely attain his goal.

May Allah swt give us ability to follow and act upon. Ameen